72255 ـ نماز استخارہ سے صحیح استفادہ كس طرح ممكن ہے ؟

سوال

نماز استخارہ سے صحیح استفادہ كس طرح ممكن ہے ؟

میرے رشتہ كے لیے ایك شخص نے پیغام بھیجا تو میں نے استخارہ كیا اور بعد میں مجھے خواب آیا كہ شادی كا پیغام بھیجنے والے كی بہن نے مجھے ایك سبز رنگ كا جبہ پہنایا اور كہنے لگی: اس كا منگیتر بھائی خوبصورت چیز كے علاوہ كچھ ہدیہ نہیں دیتا، گزارش ہے كہ آپ اس خواب كی تعبیر بتائیں تا كہ میں نماز استخارہ سے صحیح استفادہ كر سكوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہاں كئی ایك امور كو سمجھنا ضروری ہے:

اول:

آپ نے جو خواب دیكھی ہے، اس كی تعبیر آپ ایسے شخص سے دریافت كریں جو تعبیر جانتا ہو، اور دین اور عقیدہ كے اعتبار سے با اعتماد بھی ہو تا كہ وہ آپ كو اس كی تعبیر بتا سكے، اور آپ كو جاہل قسم كے اور شعبدہ بازوں سے بچنا ہو گا.

دوم:

بہت سے لوگ یہ خیال كرتے ہیں كہ استخارہ كے نتیجہ میں نیند میں خواب ضرور آتی ہے اور یہ شرط ہے، یا پھر سینہ میں راحت محسوس ہوتی ہے یا اس طرح كا كوئی احساس، حالانكہ معاملہ ایسا نہیں، اگر ان اشیاء میں سے كچھ بھی نہ ہو اور انسان استخارہ كر چكا ہو اور اس نے درست اور زیادہ صحیح كام كو معلوم كرنے كے لیے ہر ممكن اسباب بھی مہیا كیے ہوں، یعنی اس نے مشورہ كیا اور كوشش بھی اور تجربہ كار لوگوں سے دریافت بھی كیا اور پھر اس كام كو سرانجام دیا تو امید كی جاسكتی ہے كہ یہ اس كے بہتر ہے، چاہے ابتدائی طور پر اس كا شرح صدق نہ بھی ہوا ہو، بلكہ فرض كریں اس نے استخارہ كے بعد جو كام كیا ہے اسے اس كی توفیق نہ بھی ہوئی ہو تو ہو سكتا ہے اس میں اس كے لیے بہتری اور خیر ہو جو اسے معلوم نہیں، بلكہ اس كا رب اس خیر كو جانتا ہے.

ابن الحاج مالکی کہتے ہیں:

بعض لوگ شرعی استخارہ کرتے اور پھر توقف کرتے ہیں حتی کہ وہ خواب دیکھیں جس سے وہ استخارہ والا کام کرنا یا نہ کرنا دیکھیں، یا کوئی اور اسے خواب میں دیکھے، اور یہ کچھ بھی نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو استخارہ اور مشورہ کرنے کا حکم دیا ہے نہ کہ وہ جو اسے خواب میں نظر آئے. انتہی

دیکھیں: المدخل (4 / 37).

سوم:

اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ خوابوں کی تعبیر کسی خیر و بھلائی پر دلالت کرتی ہے تو پھر صالح اور اچھی خوابیں مبشرات نہ ہوتیں، لیکن ان پر اعتماد نہیں کیا جائیگا، بلکہ شادی کا پیغام بھیجنے والے کے متعلق پوچھنے اور اس کے دین اور اخلاقیات کی جان پرکھ کرنے کی کوشش کرنا ضروری ہے، اور اس کے علاوہ آپ جو کچھ اس کے متعلق معلوم کرنا چاہتی ہیں وہ بھی معلوم کریں، اور جب آپ کو ان معاملات کا یقین ہو جائے، تو پھر یہ نیك اور اچھی خواب خوشخبری کی جگہ میں ہو گی، اور اس کام میں نیك شگون شمار ہو گی.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کے لیے خیر وبھلائی کے حصول میں آسانی فرمائے، اور آپ کے لیے اس میں برکت فرمائے.

واللہ اعلم .